



سبق: 10

# تفریق سیکھیں

سعدیہ اور ثمرہ نے جنگل جا کر کیندو کے پتے توڑے۔ آخر میں اپنے توڑے ہوئے پتوں کو اکٹھا کیا، سعدیہ بولی میں نے زیادہ پتے توڑے ہیں۔ ثمرہ نے کہا میں نے زیادہ پتے توڑے ہیں۔ اسی طرح دونوں کے درمیان بحث ہونے لگی۔ اسی وقت عاطفہ پہنچی۔ دونوں نے عاطفہ سے اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے کہا۔ عاطفہ نے مشورہ دیا کہ وہ دونوں اپنے اپنے پتوں کے ۱۰۰ ر کا بنڈل اور ۱۰ ر کا بنڈل بنائیں۔ اور باقی پتوں کو ایک ایک کر کے الگ رکھیئے۔

| | ۱۰۰ ر کا بنڈل | ۱۰ ر کا بنڈل | ایک ایک پتا | کل پتوں کی تعداد |
|---|---|---|---|---|
| سعدیہ کا پتا |  |  |  | ۳۴۵ |
| ثمرہ کا پتا |  |  |  | ۲۳۲ |

عاطفہ: سعدیہ تمہارے پتوں کی تعداد کتنی؟

ثمرہ تمہارے پتوں کی تعداد کتنی؟

اب بتائیے کس کے پتوں کی تعداد زیادہ ہے؟

سعدیہ: سیکڑہ کے خانے میں میرے ۳ عدد بنڈل ہیں اس لیے میرے پتوں کی تعداد زیادہ ہے۔

ثمرہ نے کہا ''ارے ہاں!''

عاطفہ: بتاؤ ثمرہ سے سعدیہ کے پتوں کی تعداد کتنی زیادہ ہے؟

سب نے غور کیا کہ کیا کرنے سے انہیں تعداد معلوم ہوگی؟

عاطفہ: تفریق کرنے سے پتہ چلے گا۔ تفریق کرنے کے لیے بڑے عدد کو اوپر اور چھوٹے عدد کو اس کے نیچے لکھا جاتا ہے۔ مقامی قیمت کے لحاظ سے دیے گیے عدد کو نیچے سے نیچے لکھتے ہیں۔ اکائی کے عدد کو اکائی کے نیچے دہائی کے عدد کو دہائی کے نیچے اور سیکڑہ کے عدد کو سیکڑہ کے نیچے لکھ کر عددوں کو تفریق کیا جاتا ہے۔

اب بتائیے:

۵ سے ۲ تفریق کرنے سے کتنا ہوگا؟

۴ سے ۳ تفریق کرنے سے کتنا ہوگا؟

۳ سے ۲ تفریق کرنے سے کتنا ہوگا؟

```
  ۳ ۴ ۵
- ۲ ۳ ۲
  ─────
```

اب بتائیے سعدیہ کے پاس ثمرہ کے مقابلے کتنے پتے زیادہ ہیں

میلے میں چوہانانا کی مٹھائی کی دکان پر کافی بھیڑ ہے۔ ہر ایک چاہتا ہے کہ اسے پہلے مٹھائی ملے۔ بھیڑ میں موجود ہیں۔ چیونٹی، مکھی، مچھر، شہد کی مکھی اور پتنگے۔ چیونٹی کی تعداد تھی ۲۷۹ر، مکھی ۶۷۹ر، مچھر ۴۳۸ر، شہد کی مکھی ۸۲۴، اور پتنگے کی تعداد ۲۱۶ تھی۔ بھیڑ میں معلوم ہی نہیں ہوتا تھا کہ کس کی تعداد زیادہ ہے۔ کس کی کم سبھی بحث کر رہے تھے کہ ہماری جماعت بڑی ہے اس لیے ہم لوگوں کو مٹھائی پہلے دی جایے۔ اب آپ بتائیے:

☆ کس جماعت میں سب سے زیادہ تعداد ہے؟



## مچھر پتنگے سے کتنے زیادہ ہیں؟

۴۳۸ = ۴ر سیکڑہ ۳ر دہائی ۸ر اکائی

− ۲۱۶ = ۲ر سیکڑہ ۱ر دہائی ۶ر اکائی

۲ر سیکڑہ ۲ر دہائی ۲ر اکائی

۸ر اکائی سے ۲ر اکائی کو تفریق کرنے پر باقی بچا ۲ر اکائی

۳ر دہائی سے ۱ر دہائی کو تفریق کرنے پر باقی بچا ۲ر دہائی

۴ر سیکڑہ سے ۲ر سیکڑہ کو تفریق کرنے پر باقی بچا ۲ر سیکڑہ

۸ ۳ ۴

۶ ۱ ۲ −

۲ ۲ ۲

یعنی پتنگوں کی تعداد ۲۲۲ر زیادہ ہے۔

| سیکڑہ | دہائی | اکائی |
|---|---|---|
| ۸ | ۲ | ۴ |
| ۹ | ۷ | ۲ |
| | | |

## شہد کی مکھی کی تعداد مکھیوں سے کتنی زیادہ ہے۔

۴ ۲ ۸ (شہد کی مکھی) =۴ر سیکڑہ ۳ر دہائی ۸ر اکائی

۹ ۷ ۶ (مکھی) =۶ر سیکڑہ ۷ر دہائی ۹ر اکائی

۴ اکائی سے ۹ اکائی تفریق نہ ہو تو کیا کریں گے؟

دہائی کے مقام سے ۱ دہائی لے کر ۴ر اکائی میں ملائیں ۱۰+۴=۱۴ر اکائی ہوگا

اب ۱۴ر سے ۹ر تفریق کریں تو حاصل تفریق ہوگا ۵ر۔ دہائی کے مقام پر ۱ر دہائی۔ اس میں سے تفریق کریں گے ۸ر دہائی لیکن اس سے ۷ر بڑا ہے تب۔ سیکڑہ کے مقام سے ایک سو لائیں گے۔ دہائی کے خانہ میں یہ اعداد ہوئے ۱۰+۱=۱۱ر دہائی

۱۱/دہائی سے ۷ دہائی تفریق کرنے سے حاصل تفریق ہوا ۴/دہائی۔ سیکڑہ کے مقام میں رہا ۷/سو۔ اس میں سے ۶/سو تفریق کرنے پر حاصل تفریق ہوگا ۱/سو۔

```
  ۸  ۲  ۴
- ۶  ۷  ۹
---------
  ۱  ۴  ۵
```

شہد کی مکھیوں کی تعداد مکھیوں کی تعداد سے کتنی زیادہ ہے؟

اب معلوم کیجیے:

(i) چیونٹیوں کی تعداد مکھیوں کی تعداد سے کتنی زیادہ ہے؟


(ii) مکھیوں کی تعداد مچھروں کی تعداد سے کتنی زیادہ ہے؟

(iii) پتنگوں کی تعداد شہد کی مکھیوں کی تعداد سے کتنی کم؟

(iv) پتنگوں کی تعداد چیونٹیوں کی تعداد سے کتنی کم؟

## مشق

1۔ دائرہ نما نقشہ کے خالی خانے میں عدد لکھیں۔ اس طرح کہ ہر قطار میں دو عددوں کا حاصل جمع ۶۷۸ ہوگا؟



2۔




تصویر دیکھ کر جواب دیجیے:

(i) ریڈیو سے پریسر کوکر کی قیمت کس قدر کم ہے؟

(ii) استری کی قیمت سے گھڑی کی قیمت کتنی زیادہ ہے؟


(iii) بکس کی قیمت گھڑی کی قیمت سے کتنی زیادہ ہے؟

(iv) پریسر کوکر کی قیمت گرائنڈر مشین کی قیمت سے کتنی کم ہے؟

3۔ اس ٹیبل میں دیے گیے ہندسوں کی مدد سے ہندسوں کے جتنے عدد بن سکتے ہیں لکھیے۔ اس میں دو جوڑے عددوں کو چن کر بڑے عدد سے چھوٹے عدد کا حاصل تفریق معلوم کیجیے۔ دیکھتے ہیں کون سب سے زیادہ حاصل تفریق معلوم کرسکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | ۵ | ۳ |
| ۹ | ۰ | ۸ |
| ۴ | ۷ | ۲ |

4۔ کون سا مینڈک کس اروی ( کچو ) کی جھاڑی کے پاس جائے گا پہچان کیجیے۔







5۔ نیچے درج کہانی کو پڑھیے اور جواب دیجیے:

عرفات نے سوچا کہ دودھ خریدنا بہت مشکل ہے۔اس لیے ایک دودھ دینے والی گائے خریدی جایے۔اس لیے وہ کچھ روپے لے کر بازار گیا۔اور ایک تاجر سے دودھ دینے والی گائے کی قیمت پوچھی۔اس نے ۸۹۷/روپے بتائیے۔ عرفات نے دیکھا کہ اس کے پاس اتنا روپیہ نہیں ہے۔وہ سوچ میں پڑ گیا۔اس کی یہ حالت دیکھ کر گائے کے تاجر نے عرفات سے پوچھا کہ ''تمہارے پاس کتنے روپے ہیں، بتاؤ؟ روپیہ گن کر عرفات نے بتایا کہ ۵۳۸/روپیے ہیں۔گایے کے تاجر نے کہا تم گایے نہیں لے سکتے ہو،تم ایک بچھڑا لے لو جس کی قیمت ۳۶۹ روپے ہیں۔عرفات نے سوچا کہ زیادہ قیمت دے کر گائے کیوں لوں کم قیمت دے کر ایک بچھڑا خرید لیتے ہیں۔کچھ دنوں کے بعد یہ بڑھ کر گایے ہو جایے گی اور دودھ دے گی یہ سوچ کر اس نے بچھڑا خرید لیا۔

(i) بچھڑا خریدنے سے پہلے عرفات کے پاس کتنے روپے تھے؟

عرفات بازار لے کر گیا ........................روپے

بچھڑا خریدنے میں خرچ کیا ........................روپے

باقی بچے ........................روپے

(ii) کتنے روپے زیادہ لینے سے وہ گائے خرید سکتا تھا؟

گائے کی قیمت تھی ........................ روپے


عرفات کے پاس تھے ........................ روپے

اور ضرورت تھی ........................ روپے

6۔ حل کریں:

| | |
|---|---|
| (i) ۹۸۶ طالب علموں کے درمیان لڑکوں کی تعداد ۴۹۷ ہو تو لڑکیوں کی تعداد بتائیے۔ | ۹۸۶<br>- ۴۹۷<br>۴۸۹ |
| (ii) ایک دن مرغی فارم میں مرغیوں نے کل ۶۰۰ عدد انڈے دیے اس میں ۴۸۷ عدد انڈے فروخت کر دیے گئے تو اس دن اور کتنے انڈے باقی ہیں ؟ | |
| (iii) ایک گاؤں میں ۷۳۷ لوگ رہتے ہیں جن میں سے ۴۸۹ لوگوں کے نام ووٹر لسٹ میں شامل ہیں۔ تو بتائیے کتنے لوگوں کے نام ووٹر لسٹ میں نہیں ہیں؟ | |
| (iv) تین ہندسوں کے سب سے بڑے عدد سے تین ہندسوں کا سب سے چھوٹا عدد کتنا چھوٹا ہے۔ | |


8۔ اب کہیے اور لکھیے : (+نشان کے نیچے)




9۔ کون سی جوڑی کس کے ساتھ میل کھاتی ہے۔نشان کھینچ کر بتائیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵ | + | ۲۲ | ۲۵ | + | ۲۳ |
| ۱۰ | + | ۱۴ | ۱۱ | – | ۴۸ |
| ۱۲ | – | ۳۲ | ۱۲ | + | ۱۵ |
| ۱۲ | – | ۳۹ | ۳۷ | – | ۴۹ |
| ۳۷ | + | ۱۱ | ۲۲ | – | ۴۲ |
| ۲۵ | – | ۳۷ | ۱۲ | – | ۳۶ |

10۔




(i) چیتا اور بھالو کو ملا کر کل کتنے جانور رہوں گے؟

اوپر دیے گیے سوال کی طرح اور تین سوال تیار کریں۔

(ii) مگر مچھ کی تعداد سے زیبرا کی تعداد کتنی کم ہے۔

'کم' لفظ کو استعمال کر کے اوپر کے سوال کی طرح اور دو سوال تیار کریں؟

11۔(i) نیچے ایک سوال کے حل کو پہلے پیش کیا گیا ہے اور بعد میں سوال لکھا گیا ہے اس پر غور کریں۔



چاندرات کے دن

ماں نے کل پوریاں تیار کیں = ۳۲

دادی ماں نے کل پوریاں تیار کیں = ۲۴

کل پوریوں کی تعداد = ۵۶

اس حل کے لیے کیا ہوگا غور کریں:

چاندرات کے دن ماں نے ۳۲ پوریاں تیار کیں۔ اور دادی ماں نے ۲۴ پوریاں تیار کیں۔
اس دن کل کتنی پوریاں تیار کی گئیں۔

نیچے دیے ہر حل کے لیے سوال کیا ہونگے لکھیے۔

(i) باغیچہ میں کام کرنے والی درجہ دوم کی بچیوں کی تعداد = ۲۰

باغیچہ میں کام کرنے والی درجہ سوم کی بچیوں کی تعداد = ۱۷

باغیچہ میں کام کرنے والی کل بچیوں کی تعداد = ۳۷

(ii) جنم دن کے لیے لایے گیے چاکلیٹ کی تعداد = ۵۶

بچوں میں تقسیم کیے گیے چاکلیٹ کی تعداد = ۴۲

باقی بچے چاکلیٹ کی تعداد = ۱۴

12۔ آؤ اندازہ سے حاصل تفریق معلوم کریں:

۸۷ر سے ۲۶ر کو تفریق کرنے سے حاصل تفریق ۵۰ر سے زیادہ یا کم ہوگا؟

ہم اندازہ کریں گے کہ مقامی قیمت کے لحاظ سے دونوں عدد کی اکائی کے مقام کے ہندسوں کو چھوڑ کر تفریق کرنے سے حاصل تفریق ہوگا = ۸۰-۲۰=۶۰۔ اسی لیے ۸۷ر سے ۲۶ر کو تفریق کرنے سے حاصل تفریق ۵۰ سے زیادہ ہوگا۔

اسی طرح:

(i) ۵۸ر اور ۱۵ر کا حاصل تفریق ۳۰ سے زیادہ ہوگا یا ۳۰ سے کم؟
۵۰-۱۰=۴۰ر اس لیے حاصل تفریق ۳۰ر سے زیادہ ہوگا۔

(ii) ۸۵-۳۰ کی قیمت ۴۰ سے زیادہ یا ۴۰ سے کم ہوگی؟

13۔ ہرایک خانہ میں موجود دوعددوں کا حاصل تفریق اندازہ لگائیں اوراس کی داہنی طرف موجود تین جواب کو لکیر کھینچ کر بتائیں۔

| | |
|---|---|
| ۵۴ - ۳۰ = | ۲۰ سے زیادہ • |
| | ۲۰ سے کم • |
| | ۲۰ کے برابر • |

| | |
|---|---|
| ۸۹ - ۲۸ = | ۶۰ سے زیادہ • |
| | ۶۰ سے کم • |
| | ۶۰ کے برابر • |

| | |
|---|---|
| ۶۸ - ۴۴ = | ۲۰ سے زیادہ • |
| | ۲۰ سے کم • |
| | ۲۰ کے برابر • |

| | |
|---|---|
| ۹۹ - ۴۰ = | ۲۰ سے زیادہ • |
| | ۲۰ سے کم • |
| | ۲۰ کے برابر • |

14۔ دل ہی دل میں حساب کر کے کہیے:

(i) ۲۰/ میں کتنا ملانے پر ۴۰/ ہوگا؟

(ii) ۶۰/ سے کتنا تفریق کرنے پر ۳۰/ ہوگا؟

(iii) ۵۰۰/ سے کتنا تفریق کرنے پر ۲۰۰/ ہوگا؟

(iv) ۷۰۰/ سے ۲۰۰/ تفریق کرنے پر جتنا ہوگا ۴۰۰/ میں کتنا ملانے پر اتنا ہی ہوگا؟

(v) سعدیہ نے بورڈ میں ۳۳/ لکھا۔ زلفی نے اس سے ایک ۳/ کو مٹادیا۔ اب نیا ہندسے کی قیمت ۳۳/ سے کتنی کم ہے؟

(vi) بارش ہونے کی وجہ سے ایک دن تمہاری جماعت میں ۳۸/ بچوں میں ۱۲/ بچے اسکول نہیں آسکے تو اس دن کتنے بچے اسکول آئے تھے؟